درسِ رمضان المبارک: 03

پیشکش

علامہ ابوالنّور راشد علی عطاری مدنی

پیشکش: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹر نیشنل

کتاب پڑھنے کی دُعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دُعا پڑھ لیجئے اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔ دُعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَيْنَا حِكْمَتَكَ وَانْشُرْ عَلَيْنَا رَحْمَتَكَ يَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَام

نام کتاب : خلاصہ پارہ سوم مع درسِ حدیث

مرتب : علامہ ابوالنّور راشد علی عطاری مدنی

صفحات : 16

اشاعت اوّل: مارچ 2025ء (ویب ایڈیشن)

پیشکش : ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

اس فائل میں پہلے پارہ میں پائے جانے والے احکامِ الٰہیہ میں سے اوامر اورنواھی منتخب کرکے شامل کیے گئے ہیں۔

یہ خلاصہ قرآن ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل کے کورس "فہم و تدبر قرآن پریکٹیکل کورس" کے شرکاء نے تیار کیا ہے۔ جس کی ٹریننگ کورس میں دی گئی الحمدللہ

خلاصہ مرتب کرنے والے:

مولانا برھان، مولانا ارسلان، مولانا فاروق سیالوی، محمد فاروق عبداللہ، مولانا غلمان عطاری، عالمہ گلشن نثار، حمیدہ بی بی

خلاصہ قرآن کے بعد شیخ طریقت امیر اہل سنت علامہ الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ کی دو اربعینات میں سے ایک ایک حدیث پاک شامل ہے۔ ان کا درس آپ بعدِ عصر یا فجر میں اپنی سہولت سے دے سکتے ہیں

ہماری فائل پر عمل کریں گے تو ان شاء اللہ اختتام رمضان پر مکمل قرآن پاک کا مختصر خلاصہ اور 60 احادیث کا درس مکمل ہو گا۔ ان شاء اللہ

خلاصہ پارہ سوم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الصلوة والسلام عليك يارسو ل الله

سورۂ بقرہ (پارہ 3) آیت نمبر 253 تا 270 برھان

رسلِ عظام کو اللہ کریم نے مختلف درجات و فضیلتیں عطا فرمائیں،

چنانچہ ان سب کے مقام ورتبہ کو تسلیم کرو۔ (سورۂ بقرہ:253)

غیر ضروری اختلافات میں پڑ کر گمراہی و کفر کا راستہ اختیار نہ کرو۔ (سورۂ بقرہ:253)

اللہ پاک کے فیصلوں پر اعتراض نہ کرو۔ (سورۂ بقرہ:253)

* اے ایمان والو! اللہ کے دیے ہوئے مال میں سے اللہ کی راہ میں خرچ کرو۔ (سورۂ بقرہ:254)

باذن اللہ سفارش کا اعتقاد رکھو۔ (سورۂ بقرہ:255)

اللہ پاک کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ۔ (سورۂ بقرہ:255)

شیطان اور بے دینوں سے بچو۔ (سورۂ بقرہ:256)

اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامے رکھو۔(سورۂ بقرہ:256)

تکبر و غرور اور سرکشی کا راستہ اختیار کرکے ظالم نہ بنو۔(سورۂ بقرہ:258)

اللہ پاک کے قادر مطلق ہونے پر ایمان لاؤ۔(سورۂ بقرہ:259)

« « « .261 مَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَن □ بَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِیْ كُلِّ سُن □ بُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍؕ-وَ اللّٰهُ یُضٰعِفُ لِمَنْ یَّشَآءُؕ-وَ اللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ(261)

اوامر ونواہی:

* اللہ پاک کی راہ میں اخلاص کے ساتھ کھلے دل سے خرچ کرو۔(سورۂ بقرہ:261)

صدقہ دینے کے بعد احسان جتلا کر اور ایذا دے کر اپنے صدقات کو باطل نہ کرو۔(سورۂ بقرہ:260)

دے کر جتلاؤ نہیں، کیونکہ جتلانے سے تو نہ دینا اور اچھی بات کر دینا ہی بہتر ہے۔(سورۂ بقرہ:263)

سائل کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آؤ۔(سورۂ بقرہ:263)

اے ایمان والو! احسان جتلا کر اور ایذا دے کر اپنے صدقات کو باطل نہ کرو۔ (سورۃ البقرہ:264)

اے ایمان والو! ریاکاری اور دکھاوے کے لیے مال صدقہ نہ کرو۔ (سورۃ البقرہ:264)

رضائے الٰہی کے لیے اللہ کی راہ میں اپنے اموال خرچ کرو۔ (سورۃ البقرہ:265)

اپنے دلوں کو استقامت دینے کے لیے اخلاص کے ساتھ نیک عمل کرو۔ (سورۃ البقرہ:265)

اپنے اعمال میں اخلاص پیدا کرو اور نیک نیتی کے ساتھ عمل کرو۔ (سورۃ البقرہ:266)

اپنے اعمال کو ریاکاری کی تباہی سے بچاؤ۔ (سورۃ البقرہ:266)

اے ایمان والو! اللہ پاک کی راہ میں پاکیزہ اور ستھرا مال خرچ کرو۔ (سورۂ بقرہ:267)

بخشش و فضلِ الٰہی کے حصول کے لیے اللہ پاک کی راہ میں اخلاص اور کھلے دل سے خرچ کرو۔ (سورۂ بقرہ:268)

فی سبیل اللہ خرچ کرنے میں محتاجی کے وسوسے کو خاطر میں نہ لاؤ۔(سورۂ بقرہ:268)

بے حیائی سے بچو۔(سورۂ بقرہ:268)

شیطان کی پیروی نہ کرو۔(سورۂ بقرہ:268)

فی سبیل اللہ خرچ کرنے میں بخل اور کنجوسی سے کام نہ لو۔(سورۂ بقرہ:268)

اللہ پاک کی عطا کردہ حکمت (قرآن، فقہ اور حدیث) سے نصیحت حاصل کرو۔(سورۂ بقرہ:269)

صدقات کو شش کرو کہ چھپا کر دو،(پارہ3، البقرہ271)

تجارت کرو مگر سود نہ کھاؤ، سود حرام ہے۔(پارہ3، البقرہ275)

سود چھوڑ دو، یہ اللہ سے جنگ ہے۔(پارہ3,البقرہ279)

ادھار کا لین دین کرو تو جو مقررہ مدت وغیرہ ہو اسے لکھ لیا کرو۔(پارہ 3,البقرہ282)

لکھنے والا درست لکھے اور لکھنے سے انکار نہ کرو(پارہ3,البقرہ282)

مرد ہوں تو دو گواہ کرو(پارہ3,البقرہ282)

اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں گواہ کرو(پارہ3,البقرہ 282)

گواہ جب بلائے جائیں تو آنے سے انکار نہ کریں(پارہ3,البقرہ282)

قرض تھوڑا ہو یا زیادہ اسے لکھو(پارہ3,البقرہ282)

جب خرید وفروخت کرو تو گواہ کرو(پارہ3,البقرہ282)

اگر سفر میں لکھنے والا نہ ملے تو رہن رکھ لو اور امانت ٹھیک ادا کرو (پارہ3,البقرہ آیت283)

گواہی کو مت چھپاؤ(پارہ3,البقرہ آیت283)

اللہ کے سوا کسی کو معبود نہ مانو۔(آل عمران:2)

قرآن سے ہدایت حاصل کرو اور اللہ کی آیات کو نہ جھٹلاؤ۔(آل عمران:4)

اللہ سے چیز چھپانے کی کوشش نہ کرو۔(آل عمران:5)

متشابہ آیات کے ٹوہ میں نہ پڑو۔(آل عمران:7)

قیامت اور اللہ کے وعدے کا یقین رکھو۔(آل عمران:9)

کفر کی روش اختیار نہ کرو۔(آل عمران:10)

اللہ کی راہ میں جہاد کرو اور اللہ سے مدد طلب کرو۔(آل عمران:13)

دنیاوی آسائشوں (عورتیں ،بیٹے، نشان زدہ گھوڑے ،مال مویشی اور کھیتی)سے ایک حد تک فائدہ اٹھاؤ۔ ان کے پیچھے گم نہ ہو جاؤ۔(آل عمران:14)

صبر کرو ، اللہ کے حکم کی پیروی کرو ، اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور اوقات سحر میں اللہ سے بخشش مانگو۔(آل عمران:17)

اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کی گواہی دو(آل عمران:18)

اللہ تعالیٰ کی اطاعت و فرمانبرداری کیلیئے ہر دم تیار رہو (آل عمران:20)

جب حق کی طرف بلایا جائے تو منہ نہ پھیرو(آل عمران:23)

اللہ تعالیٰ کے غضب سے ڈرتے رہو۔(آل عمران:28)

اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹ کر جانے کا یقین رکھو(آل عمران:28)

اللہ تعالیٰ کے عالم الغیب والشہادہ ہونے کا اعتقاد رکھو (آل عمران:29)

اللہ سے محبت کرتے ہو رسول اللہ ﷺ کی پیروی کرو۔(آل

عمران:31)

اسلام پر قائم رہو، صرف یہی ذریعہ نجات و مقبول ہے (آل عمران:19)

رسول اکرم (صلی اللہ علیہ وسلم) کے حکم سے منہ نہ پھیرو (آل عمران:20)

خود ساختہ امیدوں کی وجہ سے حق سے نہ پھرو(آل عمران:24)

کفار سے دوستی نہ لگاؤ(آل عمران:28)

خلوت وجلوت کسی حالت میں گناہ نہ کرو(آل عمران:29)

اللہ و رسول (عزوجل و صلی اللہ علیہ وسلم) کی اطاعت سے منہ نہ پھیرو(آل عمران:32)

اپنے رب کو کثرت سے یاد کرو اور صبح شام اس کی تسبیح کرو (پارہ:3، آل عمران:41)

خشوع وخضوع سے نماز ادا کرو۔(پارہ:3، آل عمران:43)

ہم سب کا رب اللہ ہے تو اس کی عبادت کرو کہ یہی سیدھا راستہ ہے۔)پارہ:3، آل عمران:51

کفر کرنے والوں کو ہمیشہ کا عذاب اور ایمان والوں کے لیے بخشش ہے، عیسیٰ علیہ السلام بھی آدم علیہ السلام کی طرح اللہ کے بندے اور مخلوق ہیں، اے سننے والے یہ تیرے رب کی طرف سے حق ہے تو شک والوں میں نہ ہونا۔(پارہ3 سورۃ آل عمران 60)

اے کتاب والو! ابراہیم کے بارے میں کیوں جھگڑتے ہو توریت وانجیل تو نہ اتری مگر ان کے بعد تو کیا تمہیں عقل نہیں۔

انبیاء کے بارے میں غلط بیانی نہ کرو، جیسے یہودی اور عیسائی کرتے ہیں۔(پارہ3 سورۃ آل عمران 67۔66)

یہود ونصارٰی کے شر سے بچو، وہ تو تمہیں کافر کرنا چاہتے ہیں۔(پارہ3 سورۃ آل عمران 69)

اپنے ایمان کی حفاظت کرو۔(پارہ3 سورۃ آل عمران 69)

اے یہود و نصارٰی! اللہ کی آیتوں سے کیوں کفر کرتے ہو حالانکہ تم خود گواہ ہو۔(پارہ3 سورۃ آل عمران 70)

حق اور باطل میں تمیز کرو۔(پارہ3 سورۃ آل عمران 71)

ذاتی مفاد کی خاطر اللہ کی آیات میں تبدیلیاں نہ کرو۔(پارہ3 سورۃ آل

عمران 71)

پورے کے پورے اسلام میں داخل ہو جاؤ۔(پارہ 3 سورۃ آل عمران 72)

ہر سنی سنائی بات پر یقین نہ کرو۔(پارہ3 سورۃ آل عمران 72)

صرف مسلمان پر اعتبار و یقین کرو۔(پارہ3 سورۃ آل عمران 73)

امانتوں کی حفاظت کرو(پارہ3 سورۃ آل عمران 75)

اپنے عہد کی پاسداری کرو(پارہ3 سورۃ آل عمران 75)

اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرو(پارہ3 سورۃ آل عمران 75)

دھوکے اور ظلم سے بچو(پارہ3 سورۃ آل عمران 75)

غیر مسلموں کے ساتھ بھی اچھا رویہ رکھو۔(پارہ 3 سورۃ آل عمران 76)

اللہ کے فیصلوں پر بحث نہ کرو۔(پارہ3 سورۃ آل عمران 76)

ایفائے عہد اور پرہیز گاری کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرو(پارہ3، آل عمران 76)

اللہ تعالیٰ کے عہد اور اپنی قسموں کے بدلے ذلیل دام نہ لو (پارہ3، آل عمران 77)

کتاب اللہ میں ردوبدل نہ کرو(پارہ3، آل عمران 78)

اللہ تعالیٰ پر جھوٹ نہ باندھو(پارہ3، آل عمران 78)

وعدہ خلافی کرکے فاسق نہ بنو(پارہ3، آل عمران 82)

دین اسلام ہی ذریعہ نجات ہے اسی کی پیروی کرو(پارہ3، آل عمران 83)

اللہ تعالیٰ پر اور اس کی کتابوں پر ایمان لاؤ(پارہ3، آل عمران 84)

کسی نبی پر ایمان لانے میں فرق نہ کرو(پارہ3، آل عمران 84)

درسِ حدیث نبوی ﷺ

مجھ پر دُرودِ پاک بھیجو

صَلُّوا عَلَيَّ وَاجْتَهِدُوا فِي الدُّعَاءِ وَقُولُوا: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم: مجھ پر درودِ پاک بھیجواور دُعا میں خوب کوشش کرواور کہو: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ۔ (نسائی، ص 221، حدیث: 1289)

جنتیوں کا پہلا کھانا

وَاَمَّا اَوَّلُ طَعَامٍ يَاْكُلُهُ اَهْلُ الْجَنَّةِ فَزِيَادَةُ كَبِدِ الْحُوْتِ

(بخاری، 605/2، حدیث: 3938)

فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم: پہلا وہ کھانا جسے جنتی کھائیں گے وہ مچھلی کی کلیجی کا کنارہ ہے۔ شرح حدیث: مچھلی

کی کلیجی کا یہ حصّہ سب سے زیادہ لذیذ ہوتا ہے۔ اِس مچھلی کے بارے میں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ یہ وہی مچھلی ہے کہ جس پر زمین ٹھہری ہوئی ہے۔ (مرقاۃ المفاتیح، 189/10، حدیث: 5870)

کر بھلا: ہو بھلا

مَنْ فَرَّجَ عَنْ مُسْلِمٍ كُرْبَةً فَرَّجَ اللهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرُبَاتِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ

(بخاری، 126/2، حدیث: 2442)

فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم: "جو کسی مسلمان کی تکلیف دور کرے اللہ پاک قیامت کی تکالیف میں سے اس کی تکلیف دور فرمائے گا۔" شرح حدیث: سبحانَ اللہ! کیسا پیارا وعدہ ہے، مسلمان بھائی کی تم مدد کرو اللہ تمہاری مدد

کرے گا، مسلمان کی حاجت روائی (ضرورت پوری) تم کرو اللہ تمہاری حاجت روائی (ضرورت پوری) کرے گا۔

معلوم ہوا کہ بندہ بندے کی حاجت روائی کر سکتا ہے، یہ شرک نہیں، بندہ بندے کا حاجت رَوا مُشکل کُشا ہے۔ (مراٰۃ المناجیح، 551/6) تکلیف دور کرنے سے لوگوں پر آنے والی آزمائش کا دور کرنا یا اُسے کم کرنا مراد ہے۔ کسی غریب کی مالی مدد، مریض کے لئے دوا اور ڈاکٹر کا انتظام، کسی پر ہونے والے ظلم کو دور کرنے کی کوشش سب اس میں داخل ہیں۔

✍ راشد علی عطاری مدنی
ایم فل ریسرچ اسکالر
ڈائریکٹر: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل
https://wa.me/923126392663

ایجوکیشن فیلڈ، تحقیق وتصنیف، مقالہ نگاری، ایم فل اور پی ایچ ڈی والوں کے لیے خاص تحفہ

معلم ومربی اعظم، آخری نبی، محمد عربی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے تربیت وتفہیم کے 212 سے زائد اسالیب وطُرق پر مشتمل پہلی جامع وضخیم تصنیف (متن حدیث وسیرت سے مستنبط شدہ اسالیب)

کتابِ ہذا میں الحمد للہ

تربیت وتفہیم کے 212 ایسے انداز اور طریقے، احادیث کریمہ اور سیرتِ طیّبہ سے مستنبط کیے گئے ہیں جو پہلے کسی بھی کتاب میں یکجا نہیں، جبکہ اکثر ایسے کہ پہلے کبھی نہ لکھے گئے۔

الحمد للہ علی ذلک

کتاب کے ابواب اور خاصیات

- تعلیم وتعلم کے فروغ کے نبوی اہتمامات صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم
- رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی تربیت وتفہیم کے ثمرات ونتائج
- رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے جامع اسالیبِ تربیت وتفہیم
- رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے متفرق اسالیبِ تربیت وتفہیم
- رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا سوالیہ اسلوبِ تربیت وتفہیم
- رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے جوابی اسالیبِ تربیت وتفہیم
- حسنِ معاشرت کے 100 نبوی اصول
- سیرت النبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم پر لکھنے کے مجوزہ عناوین

کتاب کے ساتھ ان شاء اللہ

- سیرت نگاری کی تحقیقی وتصنیفی تربیت پر مشتمل 12 اہم ترین کورسز کی ویڈیوز کے لنکس فری
- سیرت النبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم پر ہزاروں کتب ومقالات اور تحقیقات کے لنکس اور ویب سائٹس
- سیرت النبی پر بیانات کرنے اور سیرت کورسز کروانے والوں کے لیے انتہائی نایاب سرمایہ
- سیرت کے موضوعات پر ایم فل اور پی ایچ ڈی کرنے والوں کے لیے 1500 سے زائد تحقیقی عنوانات

قیمت مع ہوم ڈیلیوری
صرف 600 روپے

ہادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل | +92312-6392663 | بکنگ کے لیے کتاب لکھ کر واٹس ایپ کیجیے